سوال

(100)کتنے لوگ ہوں تو نماز جمعہ ادا کی جا سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتنے لوگ ہوں تو نماز جمعہ ادا کی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں اقوال علماء میں شدید اختلاف ہے۔ امام شوکانی رحمة اللہ علیہ نے "السیل الجرار"(1/298) میں فرمایا:

"جمعہ کے لیے افراد کی تعداد سے متعلق کوئی دلیل ثابت نہیں۔ سوائے اس قول کے کہ جس تعداد میں دیگر نمازوں کی جماعت ہو سکتی ہے اسی میں جمعہ بھی منعقد ہو جائے گا۔

قلت: اور یہ موقف درست ہے ان شاء اللہ تعالیٰ (نظم الفرائد:425)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

نماز کا بیان صفحہ:203

محدث فتویٰ